PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا رائے عامہ سروے

## موضوع: "انرجی"

## "بجلی"

## بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ: 39% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 3 سے 5 گھنٹے تک ہے، 9% افراد کا کہنا ہے اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی ہے: گیلپ & گیلانی پاکستان،

اسلام آباد، 28 مارچ، 2017

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 39% پاکستانیوں کا کہنا ہے کہ اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 3 سے 5 گھنٹے تک ہے، 9% افراد کا کہنا ہے اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی ہے۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب مرد وخواتین سے یہ سوال پوچھا گیا کہ "**برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کتنا ہے؟**"، اس سوال کے جواب میں **جنوری 2017 میں**، 13% جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشڈنگ کا دورانیہ 2-1 گھنٹے ہے، 39% افراد کے مطابق 3 سے 5 گھنٹے، 22% افراد کے مطابق 6 سے 8 گھنٹے، 7% افراد کے مطابق 9 سے 12 گھنٹے، 10% افراد کا کہنا ہے کہ ان کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 12 گھنٹے سے زائد ہے، جبکہ 9% افراد نے کہا کہ اُن کے علاقے میں لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی ہے۔

**تقابلی جائزہ:**

یہی سوال **اپریل 2013** میں بھی پوچھا گیا تھا۔ 2013 میں 3% جوابدہندگان کا کہنا تھا کہ اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشڈنگ کا دورانیہ 1 سے 2 گھنٹے ہے، 9% افراد کے مطابق 3 سے 5 گھنٹے ہے، 18% افراد کے مطابق 6 سے 8 گھنٹے، 22% افراد کے مطابق 9 سے 12 گھنٹے، 41% افراد کے مطابق 12 گھنٹے سے زائد، جبکہ 1% افراد کا کہنا تھا کہ اُن کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی تھی۔

عوام کی رائے کے مطابق گزشتہ چار سالوں میں پاکستانیوں کی شرح میں 10٪ کا اضافہ دیکھا گیا ہے جن کا کہنا ہے کہ ان کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 1 سے 2 گھنٹے ہے، بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 3 سے 5 گھنٹے کہنے والے پاکستانیوں کی شرح میں 30٪ کا اضافہ، اور 6 سے 8 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کہنے والے پاکستانیوں کی شرح میں 4٪ اضافہ دیکھا گیا ہے، جن جوابدہندگان کا کہنا ہے کہ ان کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 9 سے 12 گھنٹے ہے ان پاکستانیوں کی شرح میں 21٪ کمی ہوئی ہے، اسی طرح 12 گھنٹے سے زائد بجلی کی لوڈشیڈنگ کہنے والے پاکستانیوں کی شرح میں 31٪ کمی ہوئی ہے، جبکہ ان پاکستانیوں کی شرح میں 8٪ اضافہ ہوا ہے جن کا کہنا ہے ان کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نہیں ہوتی ہے۔ اپریل 2013 سے لے کر اب تک کے نتائج کا موازنہ کیا جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ پاکستانی گھرانوں میں بجلی کی فراہمی میں بہتری آئی ہے

"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ کے علاقے میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کا دورانیہ کتنا ہے؟"




*Source: Gallup & Gilani Pakistan Poll*

*Field work conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی اور شہری آبادی کے 1878 مرد و خواتین سے 30 جنوری تا 6 فروری 2017 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔

**Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Tuesday March 28, 2017**
*(2 Pages including this only Urdu version)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup & Gilani Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*


*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com



***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website:* *www.gallup-international.com*


Daily Gilani Poll
2017

celebrating
37
years
of Gallup Pakistan
(1980-2017)